بیٹا تھیلیسیمیا بحیرہ روم، مشرق
وسطی، افریقی، جنوب ایشیائی
(ہندوستانی، پاکستانی وغیرہ)، جنوب
مشرق ایشیائی اور چینی باشندوں
میں پایا جانا عام بات ہے۔

بیٹا تھیلیسیمیا بیماری والے افراد کو
عام طور پر ہلکے انیمیا کے علاوہ
کوئی پریشانی محسوس نہیں ہوتی ہے۔

آپ میں ہوسکتا ہے کہ بیٹا تھیلیسیمیا
کی علامت ہو اور اس بارے میں
جانتے نہ ہوں۔

کیا آپ نے بیٹا
تھیلیسیمیا علامت کی
جانچ کرائی ہے؟

Cooley's Anemia Foundation
10001 New York, NY 200# ,Seventh Avenue 330
(212) 279-5999 فیکس   (212) 279-8090

www.thalassemia.org

Urdu-Pakistan

تھیلیسیمیا جنیاتی طور پر خراب خون کے ایک گروپ کا نام ہے۔ امریکا میں دو ملین سے زائد لوگوں میں جنیاتی تھیلیسمیا کی علامت ہے۔

آپ ان میں سے ایک ہوسکتے ہیں۔

اگر آپ میں **بیٹا تھیلیسیمیا کی علامت** ہو تو اس کی دو بہت اہم اسباب تلاش کر سکتے ہیں:

پہلا، جب **بیٹا تھیلیسیمیا کی علامت** والے دو لوگوں کو بچہ ہوگا تو اس میں ایک چوتھائی **(25%)** چانس ہے کہ **ہر ایک** حمل سے جنم لینے والے بچہ میں خون کی **سنگین خرابی** ہوگی جنہیں زندگی بھر خون کی منتقلی اور ادویات کے علاج کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

دوسرا، کچھ ڈاکٹر **بیٹا تھیلیسیمیا علامت** کو دوسری کیفیت کے طور پر لے سکتے ہیں اور آپ کو غلط علاج تجویز کرسکتے ہیں۔

اگر آپ میں **بیٹا تھیلیسیمیا کا علامت** ہے تو اس کو معلوم کرنا انتہائی آسان ہے۔

معلوم کرنے کا پہلا طریقہ یہ ہے کہ اگر آپ مں **بیٹا تھیلیسیمیا کی علامت** ہے تو آپ اپنے ڈاکٹر سے سرخ خون کے خلیوں کے سائز پر غور کرنے کے لئے کہیں۔ یہ آپ کے مکمل بلڈ کاؤنٹ (MCV) کے مین کارپسکولر والیوم کے ذریعہ معلوم کیا جاسکتا ہے۔ آپ کے ڈاکٹر کے پاس ہوسکتا ہے فائل میں آپ کے سی بی سی (CBC) کا ریکارڈ پہلے سے موجود ہو۔

اگر آپ کی ایم سی وی (MCV) ریڈنگ 75 سے کم ہے، اور آپ میں آئرن کی کمی نہیں ہے تو آپ میں **بیٹا تھیلیسیمیا کی علامت** ہوسکتا ہے۔ اضافی جانچ بشمول ہیموگلوبن الیکٹروفوریسس، کوانٹیٹیو ہیموگلوبن A2 اور کوانٹیٹیو ہیموگلوبن F، کا تعین کرنا ضروری ہے اگر آپ میں **بیٹا تھیلیسیمیا کی علامت ہے**۔ ڈاکٹر یہ جانچ کرانے کے لئے کہہ سکتا ہے۔

تھیلیسیمیا انسانی جسم کو کس طرح متاثر کرتا ہے اس کوسمجھنے کے لئے سب سے پہلے آپ کو خون کے بارے میں سمجھنا ہوگا۔

خون آپ کے پھیپھڑے سے جسم کے دوسرے حصوں میں آکسیجن پہنچاتا ہے۔ آکسیجن سرخ خون کے خلیوں کے اندر پایا جانے والا ہیموگلوبن نامی پروٹین کے ذریعہ پہنچایا جاتا ہے۔ ہیموگلوبن دو مختلف قسم کے پروٹین سے بنا ہے، جسے الفا اور بیٹا گلوبن کہا جاتا ہے۔

بیٹا گلوبن دو جینیات سے بنے ہیں، ایک ہر ایک والدین سے بچہ میں منتقل ہوتا ہے۔ وہ افراد جن میں غیر معمولی بیٹا گلوبن جین ہوتا ہے ان میں **بیٹا تھیلیسیمیا کی** علامت پائی جاتی ہے(جسے بیٹا **تھیلیسیمیا مائنر کے نام سے** بھی معروف ہے)۔

وہ فرد جن میں بیٹا **تھیلیسیمیا کی علامت ہوتی ہے (چھوٹا بچہ)** ان کے ساتھ بیٹا تھیلیسیما کا جینیاتی علامت ہوتی ہے اور انہیں عام طور پر بلکے انیمیا کے علاوہ صحت کے دیگر مسائل کا سامنا نہیں ہوتا ہے۔

ڈاکٹر اکثر **بیٹا تھیلیسیما مائنر** والے فرد کے چھوٹا سرخ خون کے خلیہ کو غلطی سے آئرن کی کمی والی انیمیا سمجھ لیتے ہیں اور غلط طریقے سے آئرن سپلیمنٹس تجویز کرتے ہیں جس سے انیمیا کی بیماری ٹھیک نہیں ہوتی۔

اگر آپ میں **بیٹا تھیلیسیما کی** علامت ملتی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ علامت آگے بڑھےگا تو آپ کو اپنے میاں/بیوی کا بھی **بیٹا تھیلیسیمیا علامت کی** جانچ کرانی چاہئے۔



..تب پھر

اس کے **25%** چانس ہیں کہ **ہر ایک** حمل سے پیدا ونے والے بچہ میں سے دو میں غیر معمولی بیٹا گلوبن جینیات پایا جائے۔

اس کے شدید کیفیت میں، اس کی وجہ سے **بیٹا تھیلسیمیا میجر** یا **کولیز انیمیا** یعنی خون کی شدید خرابی کا باعثبن سکتی ہے جس کی وجہ سے زندگی کو درپیش انیمیا ہونے کا خطرہ ہے جس میں باقاعدگی سے خون کی منتقلی اور شدید طور پر طبی نگہداشت جاری رکھنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

موروثی طور پر دو غیر معمولی بیٹا گلوبن کے باعث **بیٹا تھیلیسمیا انٹرمیڈیا**، معتدل نوعیت والی شدید انیمیا کی بیماری ہوسکتی ہے جس سے صحت کے اہم مسائل پیدا ہوسکتے ہیں جس میں ہڈی بدصورت اور تلی بڑی ہوسکتی ہے۔

CAF

تھیلسیمیا کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم رابطہ کریں:
کولیز انیمیا فاؤنڈیشن سے 8090-279 (212) پر یا info@thalassemia.org
آپ ہمارے ویب سائٹ پر وزٹ کر سکتے ہیں www.thalassemia.org

اگر آپ اور آپ کے میاں/بیوی دونوں میں **بیٹا تھیلیسیما کی علامت** ہے اور بچہ پیدا کرنے کا پلان ہے، تو آپ کو جنیٹک کوسلر سے صلاح لینی چاہئے۔